ساتواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز بدھ 13 مارچ 2019

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ جات

# 1۔یوتھ افیئرز وسپورٹس 2۔بہبود آبادی

## ضلع اوکاڑہ: محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کے عوام کی بہتری کے لیے اٹھائے گئے اقدامات سے متعلقہ تفصیلات

*797: چودھری افتخار حسین چھچھر: کیا وزیر بہبود آبادی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع اوکاڑہ میں محکمہ پاپولیشن ویلفیئر عوام کی بھلائی کے لئے کیا اقدامات اٹھا رہا ہے اور اس کے اغراض و مقاصد کیا ہیں؟

(ب) ضلع اوکاڑہ میں تعینات عملہ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

(ج) گزشتہ سال 2017 میں محکمہ ہذا نے ضلع بھر میں جو اقدامات اٹھائے ہیں ان کی تفصیلات مہیا کی جائیں؟

(تاریخ وصولی 12 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 12 فروری 2019)

جواب

وزیر بہبود آبادی

(الف) ضلع اوکاڑہ میں محکمہ بہبود آبادی کے مراکز پر مندرجہ ذیل جامع سہولیات فراہم کی جاتی ہیں:۔

ا۔ جامع فیملی پلاننگ کی خدمات

۲۔ محفوظ ممتا اور حاملہ عورت کی صحت کی نگرانی

۴۔ بچوں کی صحت کی نگرانی

۵۔ سنِ بلوغت کے مسائل

٦۔ نوجوانوں کے تولیدی صحت کے مسائل

۷۔ جنسی بیماریاں ایچ آئی وی ایڈز کا کنٹرول

۸۔ بانجھ پن کی مینجمنٹ اور عمر رسیدہ عورت کی تولیدی صحت کے مسائل

۹۔ عام بیماریوں کا علاج

پروگرام کے اغراض و مقاصد:

(1) عوام میں خاندانی صحت اور فلاح و بہبود کا شعور اجاگر کرنا۔

(2) بچوں کی پیدائش کے درمیان صحت مند وقفہ کی ترغیب دینا۔

(3) ماں اور باپ کی ذمہ داریاں۔

(4) صحت مند ازدواجی زندگی کے لئے باہمی مشاورت کا کردار۔

(5) دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے سہولیات کی فراہمی

(6) مانع حمل ادویات اور اس سے متعلقہ سہولیات کی فراہمی۔

(ب) ضلع اوکاڑہ میں تعنیات عملہ کی تفصیل (Flag-A) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)لوگوں میں فیملی پلاننگ کی آگاہی کے سلسلہ میں مختلف پروگرام منعقد کئے جاتے ہیں۔ جو اس مہم کا حصہ ہیں۔ سال 2017 میں آگاہی کے سلسلہ میں منعقد کیے گئے پروگراموں کی تفصیل(Flag-B)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ فیملی پلاننگ طریقوں کی فراہمی کی سال 2017 کی کارکردگی کی تفصیل(Flag-C)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 28 فروری 2019)

اوکاڑہ: پی پی 185 میں سپورٹس سٹیڈیم اور گراؤنڈ کی تعمیر و مرمت سے متعلقہ تفصیلات

*803: چودھری افتخار حسین چھچھر: کیا وزیر یوتھ افیئرز و سپورٹس ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) حلقہ پی پی 185 اوکاڑہ میں کتنے سپورٹس سٹیڈیم اور گراؤنڈ موجود ہیں اور ان میں کون کون سی سہولیات موجود ہیں؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ عوامی سٹیڈیم منڈی احمد آباد (اوکاڑہ) مکمل طور پر خستہ حالی کا شکار ہے کھیلنے کے لیے کسی قسم کی کوئی سہولت موجود نہ ہے۔ بلڈنگ بھی خستہ حال ہے اور فلڈ لائٹ نہ ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ بصیر پور (اوکاڑہ) میں نوجوانوں کے لئے کوئی سٹیڈیم اور گراؤنڈ نہ ہے؟

(د) اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت اہل اوکاڑہ اور بالخصوص نوجوانوں کے لئے فوری طور پر کوئی سٹیڈیم اور سپورٹس گراؤنڈ بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 12 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 12 فروری 2019)

جواب

وزیر یوتھ افیئرز و سپورٹس

(الف) حلقہ پی پی 185، اوکاڑہ میں مندرجہ ذیل 02 سپورٹس سٹیڈیم موجود ہیں۔
مقصود شہید سٹیڈیم بصیرپور، منڈی احمد آباد، اوکاڑہ سٹیڈیم رقبہ 40 کنال (بمعہ مکمل چار دیواری) مذکورہ سپورٹس سٹیڈیم میں درج ذیل سہولیات موجود ہیں:۔
1۔ فٹ بال گراؤنڈ 2۔ کرکٹ گراؤنڈ 3۔ باسکٹ بال 4۔ ہاکی

(ب) یہ درست نہ ہے کہ منڈی احمد آباد (اوکاڑہ) سٹیڈیم اور گراؤنڈ خستہ حالی کا شکار ہے۔ اس میں فٹ بال کھیلنے کی سہولت موجود ہے گراؤنڈ درست حالت میں موجود ہے۔ کئی سالوں سے علاقہ منڈی احمد آباد (اوکاڑہ) کے نوجوانوں اور کھلاڑیوں کو کھیلوں کی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ منڈی احمد آباد (اوکاڑہ) شہر اور ارد گرد کے علاقوں سے کھلاڑی روزانہ کی بنیاد پر مذکورہ سٹیڈیم میں پریکٹس کرتے ہیں۔ مذکورہ سٹیڈیم میں گاہے بگاہے مختلف گیمز کے ٹورنامنٹس کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

(ج) یہ درست نہ ہے۔ مقصود شہید سٹیدیم بصیرپور اوکاڑہ بصیرپور میں موجود ہے جس میں سپورٹس کی سہولتیں مندرجہ ذیل ہیں:

کرکٹ گراؤنڈ، سوئمنگ پول، ہاکی، مقصود شہید سپورٹس سٹیڈیم بصیرپور کا رقبہ پاکستان ریلوے کی ملکیت ہے۔ جس میں بلڈنگ بنانا ممکن نہیں۔

(د) سپورٹس ڈیپارٹمنٹ نے ڈسٹرکٹ اوکاڑہ میں ڈسٹرکٹ جیمنیزیم اوکاڑہ کی سہولت مہیا کی گئی ہے اور مزید نئی سپورٹس سکیمیں زیر تعمیر ہیں۔ حکومت کی طرف سے تحصیل دیپالپور میں تحصیل سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر زیر غور ہے۔ اس کے علاوہ مندرجہ ذیل سپورٹس سٹیڈیم کی تعمیر سپورٹس سٹیڈیم گوگیرہ، فلڈلائٹ کرکٹ گراؤنڈ رینالہ خورد، فلڈلائٹ جمخانہ میونسپل کرکٹ سٹیڈیم اوکاڑہ کی تمام سکیمیں سال 20۔2019 میں مکمل ہو جائیں گی۔

(تاریخ وصولی جواب 6مارچ 2019)

فیصل آباد محکمہ کے زیر انتظام ہسپتال اور موبائل یونٹس سے متعلقہ تفصیلات

*1202: جناب محمد طاہر پرویز: کیا وزیر بہبود آبادی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) ضلع فیصل آباد محکمہ بہبود آبادی کے کتنے مراکز صحت ہسپتال اور کتنے موبائل یونٹ ہیں؟

(ب) اس ضلع میں محکمہ کے کتنے ڈاکٹرز کام کر رہے ہیں اور کتنی نرسز کام کر رہے ہیں اور کتنی L.H.V کام کر رہی ہیں؟

(ج) موبائل یونٹ میں کون کون سی سہولیات میسر ہیں؟

(د) اس ضلع میں سال 2017-18 کے دوران کتنی رقم خرچ کی اور موجودہ سال 19-2018 کے دوران کتنی رقم خرچ کرنے کا ارادہ ہے؟

(ہ) کیا حکومت اس ضلع میں مزید موبائل یونٹ کی سہولت فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 15 جنوری 2019 تاریخ ترسیل 5 مارچ 2019)

جواب

وزیر بہبود آبادی

(الف) ضلع فیصل آباد میں 87 فلاحی مراکز، چھ (6) فیملی ہیلتھ کلینکس اور چھ (6) موبائل سروس یونٹ کام کر رہے ہیں۔

(ب) محکمہ بہبودِ آبادی فیصل آباد میں فیملی ہیلتھ کلینک اور موبائل سروس یونٹ میں بارہ (12) لیڈی ڈاکٹرز کام کر رہی ہیں۔ اسی ضلع میں محکمہ ہذا میں چھہتر (76) فیملی ویلفیئر ورکرز فلاحی مراکز میں کام کر رہی ہیں۔ اِس کے علاوہ محکمہ کے زیرِ سایہ دو (2) تھیٹر نرسز کام کر رہی ہیں۔

(ج) بہبودِ آبادی کے موبائل سروس یونٹس کے ذریعے دور دراز علاقوں میں درج ذیل سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں:

1۔ مانع حمل طریقوں کی فراہمی:

* عارضی طریقے (کنڈوم، انجکشن، گولیاں اور IUCD) عام بیماریوں کا علاج

2۔ مشورہ برائے:

* بانجھ پن
* تولیدی نظام سے متعلق مختلف بیماریاں

* تولیدی نظام سے متعلق کینسرز

3۔ زچہ بچہ کی دیکھ بھال:

* پیدائش سے پہلے(Antenatal care)اور پیدائش کے بعد( Postnatal care)مزید سہولیات کی فراہمی کے لئے FHC کی طرف راہنمائی کی جاتی ہے۔

(د) ضلع فیصل آباد میں سال 18۔2017 کے دوران پندرہ کروڑ اٹھاسی لاکھ سر سٹھ ہزار اکتالیس روپے(Rs.158867041)خرچ کیے گئے ہیں۔اور سال 19۔2018 کے دوران تقریباً سترہ کروڑ اڑسٹھ لاکھ بتیس ہزار آٹھ سو روپے (Rs.176832800) کے اخراجات متوقع ہیں۔

(ہ) ضلع فیصل آباد میں کل چھ تحصیلیں ہیں اور چھ ہی موبائل سروس یونٹ ہیں۔مزید براں محکمہ کی پالیسی کے مطابق ہر تحصیل میں صرف ایک ہی موبائل سروس یونٹ قائم کیا جاسکتا ہے۔اِس طرح اِس ضلع میں تحصیلوں کے حساب سے موبائل سروس یونٹ کی تعداد پوری ہے اور مزید یونٹس قائم کرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے

(تاریخ وصولی جواب 12 مارچ 2019)

| | |
|---|---|
| لاہور | محمد خان بھٹی |
| مورخہ 12 مارچ 2019 | سیکرٹری |

بروزبدھ مورخہ 13 مارچ 2019 کو محکمہ جات 1۔یوتھ افیئرز و سپورٹس۔2۔بہبود آبادی کے

سوالات وجوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | چودھری افتخار حسین چھچھر | 797-803 |
| 2 | جناب محمد طاہر پرویز | 1202 |